Eid Mubarak
كل عام وأنتم بخير
عيد مبارك

نبی ﷺ مدینے تشریف لائے تو فرمایا:

کَانَ لَکُمْ یَوْمَانِ تَلْعَبُوْنَ فِیْهِمَا
وَقَدْ اَبْدَلَکُمُ اللّٰهُ بِهِمَا خَیْرًا مِّنْهُمَا
یَوْمَ الْفِطْرِ وَ یَوْمَ الْاَضْحٰی (سنن نسائی)

تم سال میں دو دن خوشیاں منایا کرتے تھے
اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان سے بہتر دو دن عطا فرمائے
عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔

عید کے روز مسلمانوں کی باہم ملاقات آپس کی محبت بڑھانے کا سبب بنتی ہے۔ صحابہء کرامؓ اس ملاقات میں ایک دوسرے کو مندرجہ ذیل دُعا دیا کرتے تھے۔

تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَمِنْکُمْ

اللہ تعالیٰ قبول فرمائے ہم سے اور آپ سے
(نیک اعمال)، آمین۔

عید کے دن کی تکبیرات

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عید کے دن عید گاہ پہنچنے تک تکبیرات کہتے رہتے تھے (بیہقی)

اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْد

اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور
اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے، اور اللہ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں۔

اَللّٰهُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ کَثِیْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُکْرَةً وَّاَصِیْلًا

اللہ بہت بڑا سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے ہے تعریف بہت زیادہ اور
پاک ہے اللہ (اور اسی کے لیے ہیں تسبیحات) صبح و شام۔

عزیز ـــــــــــــــــــــــــــ السلام علیکم

رب جلیل سے دعا ہے کہ یہ عید آپ کے لیے خوشیوں اور مسرتوں
کا سامان لے کر آئے اور یہ اظہار محبت کی راہ عمل آپ کے لئے دربار الٰہی
سے بخشش و مغفرت کا وسیلہ بن جائے اور وفا شعار اور نیکو کار بندوں
کے لئے رحمت اور برکت کا ذریعہ ہو، آمین۔

فقط والسلام

ـــــــــــــــــــــــــــ

ـــــــــــــــــــــــــــ

عید کے دن بارہ کام مسنون ہیں

- صبح کو جلدی اٹھنا۔
- غسل کرنا (نماز فجر کے بعد نماز عید کے لیے غسل کرنا)۔
- مسواک کرنا۔
- عمدہ سے عمدہ لباس پہنا (جو بھی میسر ہو چاہے نیا ہو یا دھلا ہوا)۔
- اپنی آرائش اور زیبائش کا اہتمام کرنا۔
- خوشبو کا استعمال کرنا۔
- عیدگاہ میں بہت سویرے پہنچنا۔
- عیدگاہ جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا اور عیدالاضحیٰ میں نماز عید کے بعد (ایام تشریق میں) قربانی کرنا۔
- عیدگاہ جانے سے پہلے عیدالفطر میں کوئی میٹھی چیز کھانا اور عیدالاضحیٰ میں نماز عید کے بعد کچھ نمکین کھانا یا قربانی کا گوشت کھانا۔
- عید کی نماز عیدگاہ میں ادا کرنا، عیدگاہ میں نماز کے لئے جانا سنت مؤکدہ ہے اس کا پورا اہتمام کرنا چاہیئے۔ نبی ﷺ عید کی نماز ہمیشہ عیدگاہ میں پڑھتے تھے۔
- عید کی نماز کے لیے ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے واپس آنا۔
- عیدالفطر میں نماز فجر کے بعد عید کی نماز تک تکبیرات پڑھنا اور عیدالاضحیٰ میں 13 ذی الحجہ کی عصر تک تکبیرات تشریق پڑھنا۔

حدیثِ نبویؐ

جو شخص رمضان کے روزے رکھ کر شوال کے مہینے کے چھ روزے رکھے گا اسے عمر بھر کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔ (صحیح مسلم)

حدیثِ نبویؐ

رسول اللہ ﷺ نے یوم عرفہ کے روزہ (۹ ذی الحجہ) کے متعلق فرمایا: "وہ گزشتہ اور آئندہ ایک سال کے گناہوں کا کفارہ بنتا ہے۔" (صحیح مسلم)

قرآن انسٹی ٹیوٹ برائے خواتین

کیمپس۔I دارالخیر 76-A ٹیپو سلطان روڈ، کراچی
فون: 34541144 فیکس: 34543443 موبائل: 0300-9203810
ای میل: quraninstitute@hotmail.com
ویب سائٹ: www.quraninstitute.org.pk